PRESS RELEASE

For immediate release

March 6, 2019

ایس ای سی پی نے فروری میں 1،290 کمپنیاں رجسٹر کیں

اسلام آباد (مارچ 6) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے فروری میں ایک ہزار دو سو نوے (1،290) نئی کمپنیاں رجسٹر کیں۔ یہ تعداد گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں چھبیس فیصد زائد ہے۔ نئی رجسٹریشن کے بعد ملک میں کل رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد چھیانوے ہزار پانچ سو دس (96,510) ہو گئی ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے رجسٹریشن کے عمل کو سہل بنانے، فیسوں میں کمی، کمپنی رجسٹریشن اور قومی ٹیکس نمبر کے حصول کے لئے ون ونڈو آپریشن جیسی سہولتوں کی وجہ سے کمپنیوں کی رجسٹریشن کے رجحان میں اضافہ ہو رہا ہے۔

رجسٹر ہونے والی پچھتر (75) فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں جبکہ بائیس (22) فیصد نے سنگل ممبر کمپنیوں کے طور پر رجسٹریشن حاصل کی اور تین فیصد میں بطور پبلک ان لسٹڈ اور لمیٹڈ لائیبیلٹی پارٹنر شپس شامل ہیں۔

سب سے زیادہ یعنی ایک سو پچانوے (195) کمپنیاں ٹریڈنگ کے شعبے میں رجسٹر ہوئیں۔ تعمیرات کے شعبے میں ایک سو چھیاسٹھ (166)، خدمات کے شعبے میں ایک سو اڑتالیس (148)، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں ایک سو انتالیس (139)، سیاحت میں ایک سو انیس (119)، خوراک و مشروبات میں ساٹھ (60)، رئل اسٹیٹ میں پچاس (50)، کارپوریٹ ایگری کلچر فارمنگ میں پینتالیس (45)، تعلیم میں بتیس (32)، کیمیکل، مارکیٹنگ ،اشہارات اور ٹرانسپورٹ میں ستائیس (27)، انجنیئرنگ، ایندھن اور توانائی میں چوبیس (24)، فارماسیوٹیکل میں تئیس (23)، ٹیکسٹائل میں اکیس (21)، ہیلتھ کیئر اور کان کنی / کھدائی میں بیس (20)، کمیونی کیشن میں پندرہ (15)، آٹو اینڈ الائیڈ میں چودہ (14)، براڈکاسٹنگ / ٹیلی کاسٹنگ میں تیرہ (13)، لاگنگ میں بارہ (12)، کیبل اور الیکٹرک سامان میں گیارہ (11) جبکہ اٹھاون (58) کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹر ہوئیں۔

فروری میں کل انتالیس (39) کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان کمپنیوں میں سرمایہ کاری کرنے والوں کا تعلق ارجنٹینا، چین، ڈنمارک، جرمنی، اردن، کینیا، جنوبی کوریا، پرتگال، روس، سنگاپور، سویڈن اور امریکہ سے ہے۔

اس ماہ میں سب سے زیادہ کمپنیاں اسلام آباد میں رجسٹر ہوئیں جن کی تعداد چار سو اڑسٹھ (468) ہے۔ لاہور تین سو بائیس (322) اور کراچی میں دو سو چالیس (240) کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ ایس ای سی پی کے کمپنی رجسٹریشن آفس پشاور، ملتان، گلگت بلتستان، فیصل آباد، کوئٹہ اور سکھر میں بالترتیب اکاسی (81)، ستر ساٹھ (67)، پینتالیس (45)، انتالیس (39)، چوبیس (24) اور چار (4) کمپنیاں رجسٹر کی گئیں۔